مولوی محمد ایوب صاحب
وماسٹر محمد اسمٰعیل صاحب

اخبار الجامعہ

1۔ جامعہ دارالعلوم بلتستان غواڑی کے قسم البنین کو شایان شان اور جدید سہولتوں سے آراستہ کرنے کے پہلے مرحلے کے طور پر ایک سو کنال قطعہ ارض میں کلیۃ الحدیث الشریف کے نام سے بائیس کمروں پر مشتمل ایک تدریسی بلاک 1997ء میں تعمیر ہو چکی ہے۔

2۔ ملک و ملت کی بہتر خدمت کا موقع اور اہلیت حاصل کرنے کے لئے عصری اور اثری علم و فن سے مزین افراد کی تیاری نہایت اہم ہے۔ اس لئے مارچ 1997ء میں جمعیت اہلحدیث بلتستان کی زیر سرپرستی الاثر پبلک سکول' غواڑی میں قائم کیا گیا اور ابتداء میں 67 بچوں کو میرٹ کی بنیاد پر داخلہ دیا گیا۔ پچھلے سال رزلٹ 98 فیصد رہا۔ اب یہ تعداد 100 ہوگئی ہے اور 5 اساتذہ ان کی تعلیم و تربیت میں کوشاں ہیں۔ سال تعلیمی 1997ء کے دوران بعض ملکی و غیر ملکی وفود نے سکول ہذا کا دورہ کیا اور کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کیا۔

3۔ 26 اکتوبر 1997ء کو جمعیت اہلحدیث بلتستان کی مجلس شوری نے جامعہ دارالعلوم بلتستان غواڑی سے ششماہی مجلّہ کے اجراء کی منظوری دی اور اس کے لئے مجلس ادارت تشکیل دی۔

4۔ 27 نومبر 1997ء کو مجلّہ "التراث" کی مجلس ادارت کا اجلاس ہوا جس میں اہم امور نبٹائے گئے اور پہلے شمارے کے لئے مضامین کے عناوین کو آخری شکل دی گئی۔

5۔ مارچ 1998ء سے یگو میں بھی الاثر پبلک سکول کی ایک شاخ قائم ہوئی ہے جس میں 2 اساتذہ 25 طلباء کو زیور علم سے آراستہ کر رہے ہیں۔

6۔ 25 مارچ 1998ء کو جمعیت طلباء جامعہ دارالعلوم کے زیر انتظام مقابلہ حسن قرات و نظم خوانی منعقد ہوا اور درج ذیل طلباء نے نمایاں پوزیشن حاصل کی: مقابلہ تلاوت میں حافظ حسین اول' عمران دوم' عمر سالک سوم۔

نظم میں سیف اللہ گلگتی وہمنوا اول' حفیظ الرحمٰن سندھی' مرتضیٰ و فدا حسین دوم' مصعب سوم۔

7۔ عید الاضحیٰ کے موقع پر مخیر حضرات کی طرف سے ارسال شدہ تقریباً" تین سو عدد بھیڑ بکریاں اور گائے بطور قربانی تقسیم کئے گئے۔

8۔ 16 اپریل 1998ء بروز جمعہ امیر جمعیت اہلحدیث بلتستان فضلیتہ الشیخ عبدالرحمٰن حنیف نے یگو کی عظیم الشان جامع مسجد کا سنگ بنیاد رکھا۔

9۔ 22 اپریل 1998ء جمعیت طلباء کے زیر اہتمام سیرت نبوی کے موضوع پر تقریری مقابلہ ہوا جس میں درج ذیل طلباء نے انعامات حاصل کئے۔

امین عبدالقادر اور عبداللہ غفوری اول' حفیظ اللہ نذیر دوم' حافظ عبدالمجید سوم۔

بقیہ تہنیت

بسم اللہ الرحمن الرحیم

...ARY

Ghowari Baltistan North Pakistan

غوارو بلتستان شمال باکستان

DATE : 3/5/98

REF : 10/98

التاریخ: ....

الرقم: ....

بخدمت محترم جناب مدیر تحریر التراث جامعہ دارالعلوم حفظہ اللہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ

بعد تسلیمات! دنیائے نشرو اشاعت میں' مسلک حقہ بلتستان کا نمائندہ مجلّہ نہ ہونے کا احساس و شعور' ہر درد مند اور مخلص کے دل میں نقش تھا۔ اور بزمہائے علم و دانش میں اس علمی خلا کے تذکرے بھی ہوتے رہتے تھے۔ اب جمعیت اہلحدیث بلتستان اور اس کا مایہ ناز علمی گہوارہ جامعہ دارالعلوم بلتستان خراج تحسین کے لائق ہیں' کہ بلتستان جیسے پہاڑی علاقے میں شمع توحید کو فروزاں رکھنے کے لئے اس پروگرام کو شروع کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ مجلّہ ھذا کے مضامین کتاب و سنت کی نشرو اشاعت اور اتحاد بین المسلمین کے فروغ کے آئینہ دار ہوں۔ اور کامیابی و کامرانی اس کا قدم چوم لے۔ والسلام

صدر و اراکین مکتبہ الشباب الاسلامی غواڑی

GHOWARI DIST GANGCHEE BALTISTAN

NORTH PAKISTAN P. CODE 16700

عنوان المراسلة ... ضلع گانگچھے بلتستان

شمال باکستان الرمز البریدی ۱۶۷۰۰